This Question Paper consists **24 pages.** Of this **19 questions** for **New syllabus** and **17 questions** for **Old syllabus.**

اس سوال نامہ میں 24 صفحات ہیں، نئے نصاب میں 19 سوالات اور پرانے نصاب میں 17 سوالات ہیں۔

**Code No. 46/S/A/U**

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔ | | | | | | | | | | | | |

# URDU
# (اُردو)
# (206)

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..............................

امتحان کی تاریخ اور دن ..............................

نگران امتحان کے دستخط 1. ..............................

2. ..............................

1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
2. مہربانی کر کے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اُتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کریں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔
3. طالب علم کو A, B, C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھیں۔
4. معروضی سوالات کے ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں، معروضی سوالات کے لئے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔
5. طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔
6. اپنی جوابی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 46/S/A/U کو لکھیے۔

## ضروری ہدایات

1. اس ٹیک لیٹ سوال نامے میں دو سیٹ ہیں : پہلا سوال نامہ نئے نصاب یعنی نئے مطالعاتی مواد پر منحصر ہے جب کہ دوسرا پرانے نصاب یعنی پرانے مطالعاتی نصاب سے ہے۔

2. نیا نصاب اُن طالب علموں کے لیے ضروری ہے جنہوں نے 2012-13 (بلاک 1) میں داخلہ لیا ہے (وہ طالب علم جو نئے نصاب کے تحت اپریل 2013 میں امتحان دے رہے ہیں)۔

3. پرانا نصاب اُن طالب علموں کے لیے ضروری ہے، جنہوں نے 2012-13 سے پہلے (بلاک-1) میں داخلہ لیا ہے۔

4. دیئے گئے دونوں سیٹ میں سے صرف ایک سے ہی امتحان دیں، جیسا کہ اوپر ہدایات دی گئی ہیں۔

5. طالب علموں کو دونوں سیٹ سے ایک ساتھ امتحان دینے کی اجازت نہیں ہے۔

# URDU

**NEW**

نیانصاب

# (اُردو)

**(206)**

کل مارکس : 100 | **New Syllabus / नया पाठ्यक्रम** | وقت : 3 گھنٹے

نوٹ : (1) سارے سوالات لازمی ہیں

(2) ہرسوال کے نمبرات اس کے سامنے دیئے گئے ہیں۔

**1.** الگ الگ غزلوں سے لئے گئے شعر کی تشریح کیجئے۔اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھئے 06

اب جدھر دیکھئے لگتا ہے کہ اِس دنیا میں
کہیں کچھ چیز زیادہ ہے کہیں کچھ کم ہے

بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

یا

پہلے تیروں سے کماں داروں نے چھاتی چھانی
نیزے پہلو پہ لگائے تھے ستم کے بانی
سر پہ تلواریں چلیں زخمی ہوئی پیشانی
خوں سے تر ہوگیا حضرت کا رُخ نورانی

**2.** مندرجہ ذیل اقتباس غور سے پڑھ کر لکھے گئے سوال کے جواب لکھئے۔ 08

چار برہمنوں میں گہری دوستی تھی اِن میں سے تین بڑے وِدوان تھے مگر عقل سے کورے تھے چوتھا وِدوان تو نہیں تھا لیکن عقل رکھتا تھا۔ ایک بار چاروں جمع ہوئے انہوں ے نے کہا۔ ''یہاں تو ہماری وِدیا کا کوئی فائدہ نہیں۔ کیوں نہ ہم کسی دوسرے ملک میں چلے جائیں۔ راجا کے دربار میں ہماری بڑی عزت ہوگی''۔ چنانچہ یورپ دیش کو چل پڑے۔

تھوڑی دور جانے کے بعد ان میں سب سے بڑا بولا۔ ''ہم میں سے ایک تو وِدوان نہیں ہے۔ صرف عقل رکھتا ہے۔ اور راجہ کے دربار میں بغیر وِدیا اُسے کچھ نہیں ملے گا۔ اُس کو گھر بھیجنا چاہئے۔ دوسرے نے کہا۔ ''او بھائی اَن پڑھ تم تو گھر واپس جاؤ۔ راجہ کے دربار میں تمہارا کیا کام؟'' مگر تیسرے نے کہا نہیں بھائی، اس کو بھی آنے دو۔ بچپن کا ساتھی ہے۔ ہمیں جو کچھ ملے گا اسے بھی حصّہ دے دیں گے۔'' چنانچہ وہ چاروں اکٹھے ہی چلنے لگے۔

(1) یہ اِقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور کس مصنف نے لکھا ہے؟

(2) کتنے براہمن وِدوان تھے؟

(3) وہ چاروں کس دیش کی طرف چل پڑے اور کیوں

(4) پہلے وِدوان نے اپنے دوست کے لیے کیا کہا؟

یا

اچھا اماں جی اچھا۔ ''بی بی جی۔ تم ابھی رہوگی نا'' چلتے چلتے اس نے پوچھا'' میں بہت دن کے بعد اس قصبے میں ذرا سکون کے لیے آئی تھی۔ کچھ لکھنا پڑھنا بھی چاہتی تھی۔ میں نے کہا ''ہاں ابھی دس پندرہ دن تو ہوں ہی۔''

میں اسے دیکھتی کی دیکھتی رہ گئی کیا پھرتی اور صفائی تھی دم میں اِدھر دم میں اُدھر یہ کمرہ صاف کیا وہ کمرہ صاف کیا برآمدے میں جھاڑو لگائی سب جگہ پونچھا کیا۔ صحن میں جھاڑو دی۔ اور لیجئے آدھ گھنٹے میں سارا گھر چندن کردیا۔ بارہ تیرہ برس کی ایک نازک سی لڑکی اس کے ساتھ ساتھ کام کرا رہی تھی اور وہ اسے برابر سکھاتی جاتی تھی۔ یوں نہیں یوں، یوں نہیں یوں۔ جی جان سے کام کرنے سے کوٹھیوں والے خوش ہوجاتے ہیں بیٹی۔ میں نے دیکھا وہ بہت باتونی ہے مگر اُس کی باتوں میں ایک رس تھا۔ لہجے میں ایک کھنک تھی۔ وہ مہترانی ہے یا کسی اچھی گھر کی پڑھی لکھی کارگزار عورت۔

(1) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اِس کا مصنف کون ہے لکھئے؟

(2) مصنفہ سے جمعدارنی (بہو) نے پوچھا ''کیا تم ابھی رہوگی؟''

(3) ''سارا گھر چندن کردیا'' کے کیا معنی ہیں؟

(4) مصنفہ نے مہترانی میں کون کون سی خوبیاں پائیں؟

3. غزل کی تعریف لکھئے اور بتایئے مقطع کسے کہتے ہیں؟ 04

یا

نظم کی تعریف لکھئے اور ردیف اور قافیہ کے بارے میں بتایئے۔

4. افسانہ کی تعریف لکھئے اور دو مشہور افسانہ نگاروں کے نام لکھئے۔ 04

یا

ڈرامہ کسے کہتے ہیں تعریف لکھئے ڈرامے میں مکالمہ کیوں اہم ہے؟

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھئے۔ 10

(1) کرسمس ڈے (بڑا دن)، (2) یوم آزادی

(3) میٹرو ٹرین (4) پنڈت جواہر لال نہرو

(5) موسم گرما

6. اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر دلی کی سردی کا حال لکھئے۔ 08

یا

آپ طالب علم ہیں لہٰذا اپنی سالانہ فیس معاف کرنے کے لئے اپنے اسکول کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے؟

7. کمپیوٹر کے اجزا کے کیا نام ہیں لکھئے؟ 05

یا

آج تعلیمی میدان میں ٹی وی کی بہت اہمیت ہے چند لائنیں لکھیں؟

8. میر تقی میرؔ کو شہنشاہِ غزل اور خدائے سخن کہا گیا ہے کیوں؟ 04

یا

اقبالؔ کی نظم گوئی پر روشنی ڈالئے۔

9. مقطع کِسے کہتے ہیں مثال بھی دیں؟ 03

10. امام حسین کی جنگ کس سے ہوئی اور کہاں ہوئی کیا نتیجہ ہوا؟ 03

11. کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی خصوصیت چند لائنوں میں لکھئے۔ 03

یا

آپ کے خیال میں آزمائش ڈرامہ کرنے کا اصل مقصد کیا ہے؟

12. کنہیالال کپور کے سبق ''اخبار بینی'' میں طنز کا اصل مقصد کیا ہے؟ 03

**.13** تہذیب کی تعریف بیان کیجئے۔ 03

**.14** کبیر نے کیسے لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے؟ 03

**.15** محاورہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف لکھیں۔ 02

**.16** اسم ضمیر کی تعریف لکھ کر مثال دیں۔ 02

**.17** مطلع اور حُسن مطلع کی تعریف لکھیں۔ 02

**.18** صنعتِ تضاد کِسے کہتے ہیں؟ 02

**.19** درج ذیل میں ایک سوال کے چار جواب دیئے ہیں دُرست جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھئے۔ 20

(1) بوڑھے کے ماں باپ، بھائی بہن اور اُس کے دوست اُس سے کیا کہتے تھے؟

الف۔ اب بھی وقت ہے۔ ب۔ ہائے بیٹا وقت گزر گیا

ج۔ گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا د۔ وقت سب سے بڑی دولت ہے

(2) حالِ دل پر ہنسی آنے کی بات کس زمانی کی ترجمانی کرتی ہے؟

الف۔ ماضی ب۔ حال

ج۔ مستقبل د۔ کسی کی بھی نہیں

(3) تیز قدموں سے چلتی ہوئی کون آئی؟

الف۔ ایک لڑکی ب۔ ایک عورت

ج۔ افسانہ بیان کرنے والی محبوبہ د۔ ان میں سے کوئی نہیں

(4) کھلونے دے کے کس کو بہلایا جارہا ہے؟

الف۔ بچے کو ب۔ بوڑھے کو

ج۔ انسان کو د۔ کسی کو بھی نہیں

(5) شام کو پبلک جلسہ کس موضوع پر تھا؟

الف۔ عورتوں کے فرائض پر ب۔ عورتوں کے حقوق پر

ج۔ عورتوں کی ذمہ داریوں پر د۔ عورتوں پر کئے گئے مظالم پر

(6) شاعر نے کس جگہ کی آب و ہوا کا ذکر کیا ہے جہاں جانے پر برسوں کے بیمار کو صحت مل جاتی ہے؟

الف۔ امرتسر ب۔ رانچی

ج۔ کشمیر د۔ لکھنؤ

(7) زندگی جیسی توقع تھی نہیں کچھ کم ہے

ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں کچھ کم ہے

اس شعر میں قافیہ کیا ہے؟

الف۔ توقع زندگی　　　ب۔ نہیں - کہیں

ج۔ زندگی گھڑی　　　د۔ توقع احساس

(8) منزل کی ضد پر صحیح کا نشان لگایئے۔

الف۔ صحرا　　　ب۔ لامنزل

ج۔ ویرانہ　　　د۔ گلستان

(9) اچھے خط کی کیا خوبی ہے؟

الف۔ وہ مشکل زبان میں لکھا ہو۔

ب۔ اُس میں القاب بہت بڑے بڑے ہیں

ج۔ جس میں کوئی خوش خبری دی گئی ہو

د۔ جو سادہ اور بے تکلف زبان میں لکھا گیا ہے

(10) وہ الفاظ جو ایک دوسرے کی ضد ہوں کیا کہلاتے ہیں؟

الف۔ صنعت تضاد　　　ب۔ صنعت تلمیح

ج۔ صنعت تکرار　　　د۔ استعارہ

(11) تیوری چڑھانے کا کیا مطلب ہے؟

الف۔ غصّہ کا اظہار کرنا

ب۔ بُری نگاہ سے دیکھنا

ج۔ سر میں درد ہونا

د۔ دُشمنی کرنا

(12) زمین کا متضاد کیا ہے؟

الف۔ آسمان

ب۔ پہاڑ

ج۔ دریا

د۔ جنگل

(13) ہندوستان میں اردو کے لئے کمپیوٹر کا کون سا پروگرام زیادہ استعمال ہوتا ہے؟

الف۔ لین (Lan)

ب۔ وین (Wan)

ج۔ کارڈ آٹو (Card Auto)

د۔ اِن پیج (Inpage)

(14) کاغذ کی چھپائی کی شروعات کون سی صدی میں ہوئی؟

الف۔ دسویں صدی میں

ب۔ گیارہویں صدی میں

ج۔ بارہویں صدی میں

د۔ تیرہویں صدی میں

(15) ''مفلس و گدا'' کے درمیان ''و'' کیا ہے؟

الف۔ حرف جار

ب۔ حرف علت

ج۔ حرفِ عطف

د۔ حرفِ ندا

(16) ''ہستی اپنی حباب کی سی ہے'' اس مصرعے میں کس چیز کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

الف۔ ہستی کو حُباب سے　　ب۔ حباب کو ہستی سے

ج۔ نمائش کی زندگی سے　　د۔ تشبیہ دی ہی نہیں گئی

(17) ماس میڈیا کا مقبول ترین ذریعہ کیا ہے؟

الف۔ اسٹیج　　ب۔ ریڈیو

ج۔ ٹیلی ویژن　　د۔ سنیما

(18) اردو کو شروع میں کس نام سے پکارا گیا ہے؟

الف۔ ترکی　　ب۔ ہندوی

ج۔ فارسی　　د۔ پراکرتی

(19) ''ارے یہ کیا!'' میں علامت ''!'' کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ ندائیہ نشان　　ب۔ فجائیہ نشان

ج۔ استعجابیہ نشان　　د۔ سوالیہ نشان

(20) درخواستیں کتنی طرح کی ہوتی ہیں؟

الف۔ چار طرح کی　　ب۔ دو طرح کی

ج۔ تین طرح کی　　د۔ پانچ طرح کی

**OLD**

پرانا نصاب

# (اُردو)

**(206)**

**Old Syllabus / पुराना पाठ्यक्रम**

وقت : 3 گھنٹے

کل مارکس : 100

نوٹ : (1) سارے سوالات لازمی ہیں

(2) ہرسوال کے نمبرات اس کے سامنے دیئے گئے ہیں۔

**1.** درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 08

ظلمت و نور میں کچھ بھی نہ محبت کو ملا

آج تک ایک دھندلکے کا سماں ہے کہ جو تھا

جان دے بیٹھے تھے ایک بار ہوس والے بھی

پھر وہی مسئلہ سودو زیاں ہے کہ جو تھا

یا

ایک کالے سمندر کی تہہ میں

پھولوں کی طرح ہنستی ہوئی

ساری شکلیں کھو جائیں گی

خون کی گردش دل کی دھڑکن

سب راگنیاں سوجائیں۔

2. کسی ایک اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ 06

بہت پہلے، شاید بچپن میں ہم نے اپنے بزرگوں سے سنا تھا۔ کوئی کاتب ہے جو ہماری پیدائش سے پہلے ہماری تقدیر لکھ ڈالتا ہے۔ اُس کی لکھی تحریر سے ہی ہماری زندگی کا سانچہ تیار ہوتا ہے۔ اور ہم اِس سانچے پر سجتے سنورتے، پروان چڑھتے ہیں۔ تقدیر کے اس کاتب کو آج تک کوئی دیکھ نہیں پایا۔ مگر اس کا وجود سب ہی تسلیم کرتے ہیں۔ ہماری عمر کی لمبائی کا سارا دارومدار اِسی کاتب کی مرضی پر ہے وہ چاہے تو ہماری زندگی کھینچ کر آدھی صدی تک پہنچ جائے یا صدی پار کرجائے۔ نہ چاہے تو ہم بھری جوانی میں ہی دم توڑ دیں۔ اور کوئی ہمارا نام لیوا بھی نہ بچے۔

یا

حکومت بھی چارپائی ہی پر سے ہوتی ہے۔ خاندان کے کرتا دھرتا چارپائی ہی پر براجمان ہوتے ہیں۔ وہیں سے ہر طرح احکام جاری ہوتے رہتے ہیں اور ہر گناہگار کو سزا بھی وہیں سے دی جاتی ہے۔ آلاتِ سزا میں ہاتھ پاؤں زبان کے علاوہ ڈنڈا، جوتا، تاملوٹ بھی ہیں۔ جنہیں اکثر پھینک کر مارتے ہیں ۔ یہ اس لئے کہ توقف کرنے میں غصّہ کا تاؤ مدھّم نہ پڑ جائے اور ان آلات کو مجرم پر استعمال کرنے کے بجائے اپنے اوپر استعمال کرنے کی ضرورت نہ محسوس ہونے لگے۔

**3.** درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ 06

اکیسویں صدی کمپیوٹر کی صدی ہے کمپیوٹر نے دیکھتے ہی دیکھتے اتنی ترقی کرلی ہے کہ اب یہ نا صرف تجارتی، سائنسی اور تعلیمی میدان بلکہ گھر کے کام کاج میں بھی ہاتھ بٹانے لگا ہے۔ اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ چند سالوں بعد اس کے بغیر انسان اپنے آپ کو بے دست و پا محسوس کرنے لگے گا۔ کمپیوٹر نے جس تیز رفتاری کے ساتھ انسانی زندگی کے تمام شعبوں کو متاثر کیا بلکہ اُس کے استعمال سے بین الاقوامی سطح پر معاشی اور صنعت کاری جیسے شعبوں میں ترقی کی نئی راہیں ہموار ہوگئی ہیں۔ ہماری زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جہاں کمپیوٹر کا استعمال نہیں ہورہا ہے کمپیوٹر تکنالوجی جس تیز رفتاری سے ترقی کررہی ہے کمپیوٹر کی اہمیت میں اتنا ہی اضافہ ہوتا جارہا ہے اور کمپیوٹر بے حد مفید اور کارآمد ثابت ہورہا ہے۔ اس کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے اگر یہ کہا جائے کہ کمپیوٹر اس صدی کی سب سے کارآمد مشین ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ ذرا غور فرمائیں کہ جب 1868ء میں کرسٹوفر ایل، شولز نے ٹائپ رائٹر کا پہلا ماڈل بنایا تھا تو اس کے خواب و خیال میں بھی یہ نا تھا کہ اس کا یہ بنیادی تصوّر کسی نہ کسی دن اتنا کارآمد ہوجائے گا۔

(1) کس نام سے اکیسویں صدی جانی جاتی ہے؟

(2) آجکل کن کن شعبوں کو کمپیوٹر نے متاثر کیا ہے؟

(3) بین القوامی سطح پر کون کون سی راہیں ہموار ہوئی ہیں؟

(4) کمپیوٹر کی اہمیت کی وجہ بتائیے۔

(5) کیا کمپیوٹر اس صدی کی کارآمد مشین ہے؟ اور کیوں؟

(6) ٹائپ رائٹر کا پہلا ماڈل کب اور کس نے بنایا ؟

4. مثنوی کی تعریف لکھئے اور مثال کے طور پر کوئی دو اشعار بھی لکھئے۔ 06

یا

غزل کی تعریف لکھئے یا کوئی 2 اشعار بھی لکھئے۔

5. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 10

(1) ڈاکٹر ذاکر حسین (2) کرکٹ میچ

(3) ریل کا سفر (4) آگرہ کا تاج محل

(5) بال دِوَس (بچوں کا دن)

6. اپنے دوست کی سالگرہ کے موقع پر خط لکھ کر اُسے مبارکباد دیجئے۔ 06

یا

علاقے کے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھئے جس میں علاقے کی گندگی کی شکایت کیجئے۔

7. اختر الایمان کی شاعرانہ خوبیاں بیان کیجئے۔ 06

یا

عابدہ سہیل کے انداز تحریر پر نوٹ لکھئے۔

8. درج ذیل سوالات میں سے دو (2) کے جوابات لکھئے۔ 04

(1) خلاصہ نویسی کے معنی بیان کیجئے۔

(2) لوح مادری (Mother Board) سے کیا مراد ہے؟

(3) مضمون کے اقسام لکھئے۔

(4) تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

9. خالی جگہوں کو دیئے گئے لفظوں کی مدد سے پُر کیجئے۔ 04

1 چاندنی راتوں کے ........... (حلوے، جلوے)

2 بندرابن کے ........... میں (سناٹے، زناٹے)

3 جب ........... کی سبھا سجتی ہے (تاروں، غاروں)

4 پردے کی ........... بجتی ہے (گھنٹی، بنسی)

**10.** صنعت تضاد کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجئے۔ 04

یا

مندرجہ ذیل محاورات کے معنی لکھیے۔

(1) جان کو وارنا (2) آنکھ کا پانی ڈھلنا

(3) شیریں زبان ہونا (4) گھن لگنا

**11.** ضمیر کی قسمیں لکھئے۔؟ 02

**12.** سرکاری خط کسے کہتے ہیں؟ 02

**13.** درج ذیل عبارت کا خلاصہ ایک تہائی الفاظ میں کیجئے۔ 06

گنگ و جمن کا دیش شیخ و برہمن کا مسکن اور مختلف تہذیبوں کا سنگم ہمارا ہندوستان آج سے نہیں سینکڑوں برس سے مختلف مذاہب کے ماننے والوں کا دیش ہے یہاں مختلف زبانیں بولنے والے آباد ہیں۔ اس کی بقا اور اس کی خوشحالی مذہبی اتفاق، بھائی چارے اور آپسی ایکتا میں پوشیدہ ہے۔ ملک جب تک آپسی ایکتا کی طرف گامزن رہے گا، دن دونی رات چوگنی ترقی کرے گا لیکن اگر آپسی ایکتا جو ملک کی روح ہے ختم ہوگئی تو اس ملک کا خدا ہی حافظ ہے۔

**14.** دیئے گئے سوالوں کے ایک لفظ میں جواب لکھیں۔ (دو نثر کے ایک نظم کا) 03

(1) اردو کا رسم خط کیا ہے؟

(2) زمین کا متضاد کیا ہے؟

(3) ''دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے'' غزل کس شاعر نے لکھی ہے؟

**15.** دیئے گئے سوالوں کے ایک لفظ میں جواب لکھئے۔ 03

(1) ان پڑھ عقلمند دوست نے درخت سے اتر کر کہاں کی راہ لی؟

(2) نظم ''قبر'' کس شاعر نے لکھی؟

(3) آپ کی کتاب میں سے نظیر اکبرآبادی کی نظم کا نام لکھئے۔

**16.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے؟ 04

(1) عقل کے دشمن سبق سے کیا نصیحت ملی؟

(2) مکالمہ کسے کہتے ہیں؟

(3) خبروں کی کتنی قسمیں ہیں؟

(4) ''ایک سوال'' افسانہ میں آپ کو کونسا کردار سب سے زیادہ پسند آیا؟

**17.** ذیل میں ہر ایک سوال کے چار جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے دُرست جواب تلاش کر کے صحیح کا نشان لگایئے۔ 20

(1) شام کو پبلک جلسہ کس موضوع پر تھا؟

الف۔ عورتوں کے فرائض پر    ب۔ عورتوں کے حقوق پر

ج۔ عورتوں کی ذمہ داریوں پر    د۔ عورتوں کے لیڈرشپ پر

(2) میر انیس میرؔ کی شاعری کی زبان کیسی ہے؟

الف۔ مشکل ہے    ب۔ رنگین ہے

ج۔ آسان و عام فہم ہے    د۔ بیانیہ ہے

(3) ''رواں'' کا تضاد کیا ہے؟

الف۔ منجمد    ب۔ ترکش

ج۔ جامد    د۔ عمل

(4) وہ کون تھا جس نے امام حسین کی گردن اپنے خنجر سے کاٹی؟

الف۔ سنان ابن انس    ب۔ شمر

ج۔ یزید    د۔ جعفر

(5) مثنوی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

الف۔ مثال دینا　　ب۔ دلچسپ قصّہ

ج۔ تعریف کرنا　　د۔ مذاق اُڑانا

(6) اچھے افسانے کی خصوصیت یہ ہے کہ ............

الف۔ اس میں کردار بہت زیادہ ہوں

ب۔ کردار اور پلاٹ میں تال میل نہ ہو

ج۔ افسانہ کا پلاٹ مختصر اور با مقصد ہو

د۔ افسانہ میں مزاحیہ کردار زیادہ ہوں

(7) قبر کی تنگی کے بیان کے لئے شاعر نے کس کردار کو استعمال کیا ہے؟

الف۔ امیر کو　　ب۔ غریب بیٹے کو

ج۔ امیر باپ کے بیٹے کو　　د۔ جاہل باپ کو

(8) درج ذیل میں سے ''چاندنی رات کا منظر'' کیا ہے؟

الف۔ مثنوی　　ب۔ نظم

ج۔ قصیدہ　　د۔ غزل

(9) ہندوستانی مسلمانوں میں کوئی چیز بیرونی یا بدیسی باقی نہیں رہ گئی تھی علاوہ ............

الف۔ شکل وصورت　　　　ب۔ زیادہ کے

ج۔ مذہب کے ظاہری رُخ کے　　　　د۔ قدوجسم کے

(10) بھاگ وتی نے رام سہائے کی بات ماننے سے کیوں اِنکار کردیا؟

الف۔ بھاگ وتی رحم دل عورت تھی

ب۔ پنہا لینے والی عورتیں اُس کی دوست تھیں۔

ج۔ رام سہائے مل سے بھاگ وتی کا اختلاف تھا۔

د۔ بھاگ وتی ایک ڈرپوک عورت تھی۔

(11) مرزا غالبؔ نے اپنی غزل میں پے در پے کس سے سوال کئے ہیں؟

الف۔ اپنے آپ سے　　　　ب۔ خدا سے

ج۔ سماج سے　　　　د۔ محبوبہ سے

(12) کوئی پیغام یا ٹائپ کی ہوئی دستاویز باہر کے ملکوں میں بھیجی جاتی ............

الف۔ تار کے ذریعے　　　　ب۔ انٹرنیٹ کے ذریعے

ج۔ ٹیلیفون کے ذریعے　　　　د۔ خط کے ذریعے

(13) نظم ''میرا سفر'' میں شاعر نے انسان کو کس سے تعبیر کیا ہے؟

الف۔ انسان کو مشت غبار یعنی ایک مٹھی بھر مٹی سے تعبیر کیا ہے۔

ب۔ انسان کو مشت غبار یعنی دھول سے تعبیر کیا ہے۔

ج۔ انسان کو مشت غبار یعنی ہوا سے تعبیر کیا ہے۔

د۔ انسان کو مشت غبار یعنی دھواں سے تعبیر کیا ہے۔

(14) ہندوستانی مشترکہ تہذیب کتنی پرانی ہے؟

الف۔ چار ہزار سال ب۔ دس ہزار سال

ج۔ دو ہزار سال د۔ پانچ ہزار سال

(15) بھارت میں پہلا ریڈیو اسٹیشن (نشرگاہ) کہاں قائم ہوا؟

الف۔ بمبئی میں ب۔ دلی میں

ج۔ کلکتہ میں د۔ مدراس میں

(16) فہیمن کے کپڑے سینے پر امینہ کو کتنے پیسے ملے؟

الف۔ چار پیسے ب۔ آٹھ آنے

ج۔ دس روپے د۔ 6 پیسے

(17) کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں کس کو؟

الف۔ بچے　　ب۔ بوڑھے

ج۔ انسان　　د۔ کسی کو نہیں

(18) چارپائی کو قلعہ کیوں کہا گیا ہے؟

الف۔ چارپائی قلعے کی طرح مضبوط ہوتی ہے۔

ب۔ پہلے زمانے کے راجا مہاراجا چارپائی پر سے حکومت کرتے تھے۔

ج۔ چارپائی پر آرام کرنے والا بادشاہ معلوم ہوتا ہے۔

د۔ چارپائی پر بیٹھ کر گھر کا بزرگ حکم چلاتا ہے؟

(19) سرسید احمد کی پہلی تقرری کس شہر میں ہوئی تھی؟

الف۔ دلی　　ب۔ بجنور

ج۔ فتح پور سیکری　　د۔ بنارس

(20) رشید احمد صدیقی نے ''پانچ سات'' کے بجائے ''پانسات'' کیوں لکھا ہے؟

الف۔ انہوں نے عام بول چال کی زبان استعمال کی ہے۔

ب۔ وہ ایک نئی قسم کا املا شروع کرنا چاہتے تھے۔

ج۔ ان سے لکھتے وقت غلطی ہوگئی تھی۔

د۔ پہلے زمانے میں اسی طرح لکھا جاتا تھا۔